بسم اللہ الرحمن الرحیم

اگلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود پچھلی صف میں کنارہ پر کھڑا ہونا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

اگلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود کوئی پچھلی صف میں سب سے کنارہ پر کھڑا ہو کر جماعت کے ساتھ نماز پڑھے، تو کیا اس کی نماز ہو جائے گی؟

جواب

اگلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود پچھلی صف میں کھڑے ہو کر نماز پڑھنا مکروہ تحریمی و گناہ ہے، البتہ اس کی نماز ہو جائے گی، نیز بلاعذر ایسا کرنے کی وجہ سے مذکورہ شخص گنا ہگار ہوگا، جس سے توبہ کرنا لازم ہے۔

پہلے اگلی صف مکمل کرنے کا حکم ہے۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اتموا الصف المقدم، ثم الذي يليه، فما كان من نقص فليكن في الصف المؤخر" یعنی (پہلے) اگلی صف مکمل کرو، پھر اسے جو اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے، پس جو کمی ہو وہ آخری صف میں ہو۔ (سنن ابی داؤد، جلد 1، صفحہ 107، مطبوعہ لاھور)

اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "دربارہ صفوف شرعاً تین باتیں بتاکید اکید ماموربہ ہیں اور تینوں آج کل معاذ اللہ کالمتروک ہو رہی ہیں، یہی باعث ہے کہ مسلمانوں میں نااتفاقی پھیلی ہوئی ہے۔۔۔ **اول:** تسویہ کہ صف برابر ہو، خم نہ ہو، کج نہ ہو، مقتدی آگے پیچھے نہ ہوں، سب کی گردنیں شانے ٹخنے آپس میں محاذی ایک خط مستقیم پر واقع ہوں، جو اس خط پر کہ ہمارے سینوں سے نکل کر قبلہ معظمہ پر گزرا ہے عمود ہو۔۔۔ **دوم:** اتمام کہ جب تک ایک صف پوری نہ ہو دوسری نہ کریں۔۔۔ **سوم:** تراصّ یعنی خوب مل کر کھڑا ہونا کہ شانہ سے شانہ چھلے، یہ بھی اسی اتمام صفوف کے متممات سے **اور تینوں امر شرعاً واجب ہیں۔**" (ملتقطاً، فتاویٰ رضویہ، جلد 07، صفحہ 219 تا 223، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

ایک اور مقام پر امام اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تکمیلِ صف کا نہایت اہتمام فرماتے اور اس میں کسی جگہ فرجہ چھوڑنے کو سخت ناپسند فرماتے۔۔۔ وصلِ صفوف اور ان کی رخنہ بندی اہم ضروریات سے ہے اور ترک فرجہ ممنوع و ناجائز۔" (ملتقطاً، فتاوی رضویہ، جلد 07، صفحہ 41_46، رضا فاؤنڈیشن)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2664

تاریخ اجراء: 06جمادی الاخریٰ 1447ھ/28نومبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net